# 06-11-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس نے انتخابات سے قبل کیے گئے وعدوں پر عمل نہیں کیا ہے۔

۲۔ وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے اپنے محکمہ میں نومنتخب عہدیداروں سے کہا ہے کہ وہ عوام کو معیاری طبی خدمات فراہم کرے۔

۳۔ کریم نگر کی شاتاواہانا یونیورسٹی کا دوسرا کانوکیشن کل منعقد ہوگا۔ یونیورسٹی کے چانسلر کی حیثیت سے گورنر جشنو دیو ورما شرکت کریں گے۔

اور

۴۔ دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست کے بعض اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس نے انتخابات سے قبل کیے گئے وعدوں پر عمل نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت یہ سمجھتی ہے کہ خواتین کو بسوں میں مفت سفر کی سہولت ہی تمام مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اِس بات کی وضاحت کرے کہ اس کے وعدہ کے مطابق بے روزگاروں کو الاؤنس کب ملے گا اور لڑکیوں کو شادی کے وقت سونے کا تحفہ کب پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ وہ طالبات میں اسکوٹیوں کی تقسیم کے وعدہ پر عمل آوری کا اعلان کرے۔ پریس کلب میں آج میٹ دی پریس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس اور بی آر ایس جوبلی ہلز حلقہ کی پسماندگی کی ذمہ

داری قبول کریں۔انہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصہ سے اس حلقہ کی نمائندگی کرنے والی کانگریس اور گزشتہ 12 سال سے نمائندگی کرنے والی بی آرایس اس حلقہ کی پسماندگی کیلئے ذمہ دار ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر کے بیچوں بیچ واقع بستیوں میں بنیادی بلدی سہولیات نہیں ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی تعمیرنو کا کام تقریباً نصف مکمل ہوگیا ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریجنل رنگ روڈ کا کام جلد ہی شروع ہوگا۔مرکزی وزیر نے کہا کہ آئندہ سال مارچ تک سی سی آئی کپاس کی خریدی کرے گااوراس لئے کسانوں کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

Weather

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست کے بعض اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔آج بعض اضلاع میں اکادوکا مقامات پر بارش ہوئی۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جوگولامبا گدوال ضلع میں سب سے زیادہ پانچ سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ناگرکرنول میں تین سنٹی میٹر بارش ہوئی۔

Governor

کریم نگر کی شاتاواہانا یونیورسٹی کا دوسرا کانوکیشن کل منعقد ہوگا۔یونیورسٹی کے چانسلر کی حیثیت سے گورنر جشنو دیوورما شرکت کریں گے۔یونیورسٹی کے وائس چانسلر آچاریہ اویش کمار نے بتایا کہ کانوکیشن صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک ہوگا۔اس سلسلہ میں سیکورٹی انتظامات کئے جارہے ہیں۔اس یونیورسٹی کا آغاز 2008ء میں ہوا تھا۔تب سے اب تک صرف ایک مرتبہ ہی اس کا کانوکیشن منعقد ہوا۔حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر بی جے راؤ کانوکیشن میں شرکت کریں گے۔

Encounter

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج سیکورٹی فورسس اور ماؤنوازوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلہ میں چار ماؤنواز ہلاک ہوگئے ۔ انارم ۔مری کیلا جنگلات میں ماؤنوازوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکورٹی فورسس نے اس علاقہ کو اپنے گھیرے میں لے لیا۔ دونوں فریقین کے درمیان فائرنگ کے تبادلہ میں چار ماؤنواز ہلاک ہوگئے ۔

Cycles

راجنا سرسلہ ضلع کے منڈل ہیڈکوارٹر چندورتی میں ویملواڑہ حلقہ کے ڈی جی پی انچارج چناما نینی وکاس راؤ نے دسویں جماعت کے طلبہ میں سائیکلیں تقسیم کیں ۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار، سی ایس آر فنڈ سے طلبہ کو سائیکلیں فراہم کررہے ہیں ۔

Poultry India

حیدرآباد کے ہائی ٹیک میں پولٹری انڈیا 2025ء کے عنوان سے اس مہینہ کی 25 تاریخ سے 4 جون تک ایک نمائش منعقد ہوگی ۔ ایک ملک ایک انڈا کے نعرے کے ساتھ منعقد کی جانے والی اس نمائش میں پچاس ممالک کے پانچ سو اگزی بیٹرس شرکت کریں گے ۔

Paddy

جوگولامبا گدوال ضلع کے دھرور منڈل ہیڈکوارٹر پر آئی کے پی کی جانب سے قائم کئے گئے دھان کی خریدی کے مرکز کا آج ضلع کلکٹر بی ایم سنتوش اور گدوال کے ایم ایل اے بنڈ لا کرشنا موہن نے افتتاح کیا۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ کسانوں کی اگائی ہوئی مکمل دھان خریدی جائے گی ۔کلکٹر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے قائم کئے جانے والے خریدی کے مراکز میں اقل ترین امدادی قیمت حاصل ہوگی ۔ انہوں نے کسانوں سے کہا کہ وہ درمیانی لوگوں کو اپنی دھان فروخت کر کے نقصان نہ اٹھائیں۔انہوں نے کہا

کہ اقل ترین امدادی قیمت کے علاوہ باریک چاول کیلئے پانچ سو روپے کا بونس بھی ادا کیا جا رہا ہے۔ کلکٹر نے کہا کہ دھان کی خریدی کے بعد تین دن کے اندر کسانوں کے کھاتوں میں رقم جمع کی جا رہی ہے۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے اپنے محکمہ میں نو مقرر کردہ عہدیداروں سے کہا ہے کہ وہ سرکاری دواخانوں پر عوام کے اعتماد کو مستحکم کرنے کیلئے انہیں معیاری طبی خدمات فراہم کرے۔ انہوں نے آج ان سے ملاقات کرنے والے عہدیداروں سے کہا کہ اس محکمہ میں خدمات انجام دینے کا موقع ان کیلئے خوش قسمتی ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ انہیں بیماریوں میں مبتلا لوگوں کی خدمت کا موقع مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہر ضلع میں ڈے کیر سنٹر اور این سی ڈی کلینک قائم کئے ہیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ دیہی علاقوں میں کارپوریٹ طرز کی طبی خدمات کی فراہمی کیلئے حکومت نے ٹکنالوجی متعارف کی ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اس ٹکنالوجی کا بھرپور استعمال کریں۔

Cotton

آصف آباد ضلع میں خریف سیزن کے دوران پیدا ہونے والی کپاس کی خریدی کے عمل کا آج کلکٹر وینکٹیش دوترے اور آصف آباد کی ایم ایل اے کوالکشمی نے افتتاح کیا۔ کلکٹر نے کہا کہ ضلع کی تمام جننگ ملو میں سی سی آئی کے ذریعہ کپاس خریدی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو چاہئے کہ وہ فروخت کیلئے لائی جانے والی کپاس میں نمی کے فیصد کو کم رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کیلئے تمام اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

DSP

ریاست میں گروپ ون کے ذریعہ مقرر کئے جانے والے ڈی ایس پیز کیلئے تربیتی کلاسس کا آج حیدرآباد پولیس اکیڈیمی میں آغاز عمل میں آیا۔ یہاں 112 ڈی ایس پیز تربیت حاصل کررہے ہیں۔ ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا کہ ڈی ایس پیز کی تربیت کا یہ سب سے بڑا پروگرام ہے۔انہوں نے کہا کہ خاتون ڈی ایس پیز کو آنے والی نسل کیلئے ایک مثال قائم کرنا چاہئے۔اس پروگرام میں اکیڈیمی کے ڈائرکٹر ابھیلاش بست نے شرکت کی۔

Police

سوریہ پیٹ کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نرسمہا نے طلبہ سے کہا ہے کہ وہ سائبر دھوکہ دہی سے بچنے کیلئے بیداری حاصل کریں۔انہوں نے طلبہ سے کہا کہ وہ منشیات کے خاتمہ کیلئے بھی اپنا رول ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ سماج میں سائبر دھوکہ دہی سب سے زیادہ خطرناک ہے اوراس کے خاتمہ کیلئے ہرایک کواپنا رول ادا کرنا چاہئے۔ پولیس پر جا بھروسہ پروگرام کے تحت سوریہ پیٹ ضلع کے بالملا گاؤں کے مضافات میں سوشل ویلفیر اقامتی ویمنس ڈگری کالج میں آج ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔

○○